الیکشن کمیشن آف پاکستان

پبلک نوٹس

ووٹ کا اندراج / منتقلی بمطابق شناختی کارڈ پر درج مستقل یا عارضی پتہ

عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ:-

i. الیکشنز ایکٹ 2017 کے سیکشن 27 کے مطابق اب ووٹ کا اندراج / منتقلی صرف شناختی کارڈ پر درج مستقل یا عارضی پتہ پر کیا جائے گا۔

ii. سرکاری ملازم اور اہل خانہ (خاوند / بیوی اور بچے) اپنے ووٹ کا اندراج / منتقلی شناختی کارڈ پر درج مستقل یا عارضی پتہ کے علاوہ ایسے پتہ پر بھی کرواسکتے ہیں جہاں پر انہوں نے ملازمت کی وجہ سے عارضی رہائش اختیار کی ہو۔

iii. ایسے افراد جن کے ووٹ شناختی کارڈ پر درج مستقل یا عارضی پتہ کے علاوہ کسی دیگر پتہ پر درج ہیں اُن کو بذریعہ ہذا پبلک نوٹس مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ **31 دسمبر 2018** تک اپنے ووٹ کو شناختی کارڈ پر درج مستقل یا عارضی پتہ کے مطابق منتقل کروالیں۔ اس مقصد کے لئے فارم نمبر 21 دفتر ضلعی الیکشن کمشنر یا الیکشن کمیشن آف پاکستان کی ویب سائٹ www.ecp.gov.pk سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔ فارم نمبر 21 کو مکمل طور پر پُر کر کے بمعہ شناختی کارڈ کی کاپی متعلقہ دفتر رجسٹریشن افیسر / ضلعی الیکشن کمشنر میں جمع کروائیں۔ واضح رہے کہ الیکشن رولز 2017 کے مطابق فارم نمبر 21 درخواست گزار بذاتِ خود جمع کروائے گا، بصورت دیگر فارم نمبر 21 اختیار نامہ کے ساتھ بذریعہ اپنے والد، والدہ، خاوند / بیوی، بیٹے / دختر بھی جمع کرواسکتا ہے۔

iv. الیکشنز ایکٹ 2017 کے سیکشن 27 کے مطابق **31 دسمبر 2018** کے بعد ایسے تمام رائے دہندگان جن کے ووٹ کا اندراج شناختی کارڈ پر دیے گئے مستقل یا عارضی پتہ کے مطابق نہیں ہو گا تو ایسے تمام ووٹ غیر مؤثر تصور ہونگے اور انہیں الیکشنز ایکٹ 2017 کے سیکشنز 37، 40 اور الیکشن رولز 41 کی روشنی میں شناختی کارڈ پر درج مستقل یا عارضی پتہ پر درج / منتقل کر دیا جائے گا۔

v. رائے دہندگان اپنے ووٹ کے اندراج کی تفصیلات اپنا شناختی کارڈ نمبر 8300 پر ایس ایم ایس کر کے حاصل کر سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لئے اپنے ضلع کے دفتر رجسٹریشن افسر / ضلعی الیکشن کمشنر سے رجوع کریں جس کی فہرست الیکشن کمیشن آف پاکستان کی ویب سائٹ www.ecp.gov.pk پر دستیاب ہے۔

vi. 31 دسمبر 2018 تک اپنی خواہش کے مطابق اپنے ووٹ کے اندراج کو اپنے شناختی کارڈ پر درج مستقل یا عارضی پتہ کے مطابق یقینی بنائیں۔